شعبہ نشرو اشاعت تنظیم اسلامی پاکستان
36-کے، ماڈل ٹاؤن لاہور، فون: 042-35869501، ای میل: media@tanzeem.org

یکم اکتوبر 2025ء

پریس ریلیز

ٹرمپ کا قابلِ مذمت مجوزہ 'امن منصوبہ' فلسطینی مسلمانوں اور مسجدِ اقصیٰ کو صہیونیوں کے کنٹرول میں دینے کی ایک سازش ہے۔

مجوزہ 'امن منصوبہ' کی پاکستان اور سعودی عرب کی جانب سے حمایت نے حال ہی میں کیے گئے مشترکہ دفاعی معاہدہ پر سوالات کھڑے کر دیئے ہیں۔

ارضِ مقدس اور مسجدِ اقصیٰ پر مسلمانوں کے علاوہ کسی کو حقِ تولیت نہیں۔ (شجاع الدین شیخ)

لاہور (پ ر): ٹرمپ کا قابلِ مذمت مجوزہ 'امن منصوبہ' فلسطینی مسلمانوں اور مسجدِ اقصیٰ کو صہیونیوں کے کنٹرول میں دینے کی ایک سازش ہے۔ مجوزہ 'امن منصوبہ' کی پاکستان اور سعودی عرب کی جانب سے حمایت نے حال ہی میں کیے گئے مشترکہ دفاعی معاہدہ پر سوالات کھڑے کر دیئے ہیں۔ ارضِ مقدس اور مسجدِ اقصیٰ پر مسلمانوں کے علاوہ کسی کو حقِ تولیت نہیں۔ اِن خیالات کا اظہار تنظیم اسلامی کے امیر **شجاع الدین شیخ** نے ایک بیان میں کیا۔ انہوں نے کہا کہ اسرائیل نے گزشتہ 2 برس کے دوران غزہ پر مسلسل وحشیانہ بمباری کر کے کم و بیش 70,000 مسلمانوں کو شہید کر دیا جن میں اکثر عورتیں اور بچے تھے۔ پھر یہ کہ غزہ کو بمباری سے ملیہ میٹ کر دیا۔ اب بھوک کو نسل کُشی کے ہتھیار کے طور پر استعمال کر رہا ہے۔ اُنہوں نے سوال اُٹھایا کہ ایسی درندہ صفت ناجائز ریاست کو امن کے داعی کے طور پر کیسے پیش کیا جا رہا ہے؟ اُنہوں نے کہا کہ امریکی صدر ٹرمپ اپنے پہلے دورِ حکومت کی طرح آج بھی اسرائیل کی مکمل غلامی کر رہے ہیں اور اُن کے جانب سے پیش کردہ 20 نکات پر مشتمل مجوزہ 'امن منصوبہ' دھوکے اور دجل کے سوا کچھ نہیں۔ فلسطینی مسلمانوں کی نسل کُشی کے لیے اسرائیل کو مالی، سفارتی اور عسکری معاونت فراہم کرنے اور سیکورٹی کونسل میں جنگ بندی کی تمام قراردادوں کو ویٹو کرنے والے امریکہ کے صدر اچانک امن کے علمبردار کیسے بنا دیئے گئے؟ امیر تنظیم نے کہا کہ ٹونی بلیئر جیسے جنگی مجرم کو غزہ کے عبوری سیٹ اپ میں اہم ذمہ داری دینا بھی انتہائی قابلِ مذمت ہے۔ اُنہوں نے کہا کہ پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ سمیت اکثر مسلم ممالک نے ایک مرتبہ پھر ثابت کر دیا ہے کہ وہ امریکہ کے ایک اشارہ پر اپنے مسلمان بھائیوں کی قربانیوں کو پسِ پشت ڈال دیتے ہیں اور یہی ابراہم اکارڈز ہیں۔ اسرائیل کبھی اپنے توسیعی منصوبہ یعنی "گریٹر اسرائیل" سے دستبردار نہیں ہوگا۔ اُنہوں نے کہا کہ ہم مسلم ممالک کے حکمرانوں اور مقتدر حلقوں پر ایک مرتبہ پھر واضح کرنا چاہتے ہیں کہ ارضِ فلسطین پر حکمرانی اور مسجدِ اقصیٰ کی تولیت کا صرف مسلمانوں کو حق ہے، جو قرآن پاک اور احادیث مبارکہ سے ثابت ہے۔ حکومتِ پاکستان یہ نہ بھولے کہ قیامِ پاکستان کے وقت ہی فلسطین کے حوالے سے قائدِ اعظم سمیت بانیانِ پاکستان نے مستقل ریاستی پالیسی دے دی تھی کہ فلسطین میں صرف مسلمانوں کی ریاست ہو گی جس کا دارالحکومت یروشلم ہو گا۔ کسی دو ریاستی حل کی کوئی گنجائش نہیں، لہٰذا اس مجوزہ معاہدہ کو زوردار انداز میں رد کیا جائے۔

جاری کردہ
رضاء الحق
مرکزی ناظم نشرواشاعت

TANZEEM E ISLAMI

PRESS RELEASE: October 1st, 2025

Trump's so-called 'Peace Plan' is a conspiracy to hand over Al-Aqsa Mosque and Palestinian Muslims to Zionist control.
Pakistan and Saudi support for the plan raises questions on their joint defense pact.
Only Muslims have the right of custodianship over the Holy Land and Masjid Al-Aqsa.
(Shujauddin Shaikh)

Lahore (PR): This was stated by the Ameer of Tanzeem-e-Islami, **Shujauddin Shaikh,** in a statement. He said that over the past two years, Israel has bombarded Gaza with relentless brutality, causing the Shahadah of nearly 70,000 Muslims, most of them women and children. Gaza has been flattened, and now hunger is being weaponized as a tool of genocide. He questioned how such a savage and illegitimate state can be presented as a champion of peace. He added that, just like in his previous term, US President Trump remains entirely subservient to Israel. His so called 20-point 'peace plan' is nothing but a web of deception. The same U.S. president who has backed Israel militarily, financially, and diplomatically in its genocide of Palestinians, and who has vetoed every ceasefire resolution in the Security Council, is now being promoted as a peacemaker.

Shujauddin Shaikh strongly condemned the appointment of war criminal Tony Blair to a key role in Gaza's interim setup. He criticized Muslim governments – particularly Pakistan, Saudi Arabia, and Türkiye – for once again abandoning their Muslim brothers at America's behest. This, he said, is what the Abraham Accords are all about. He emphasized that Israel will never give up its expansionist plan of "Greater Israel." He urged the rulers and power centers of the Muslim world to understand clearly that the right to rule over Palestine and the custodianship of Masjid Al-Aqsa belongs solely to Muslims, as affirmed by the Qur'an and Hadith. He also reminded the Government of Pakistan that at the time of Pakistan's founding, Quaid-e-Azam and the other founding fathers had made it the nation's permanent and irrevocable policy that only a Muslim state should exist in Palestine, with Jerusalem as its capital. There is no room for a two-state solution. Therefore, this proposed plan must be rejected strongly and unequivocally.

Issued by:
Raza-ul-Haq
Markazi Nazim Nashr o Ishaat